پاکستان میں
حزب التحریر
کا میڈیا آفس

بسم الله الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

بدھ 7 شعبان، 1433ھ | 27/06/2012 | نمبر: PN12036

پاک فوج کے جوانوں کے قاتل جنرل جان ایلن کے دورہ پاکستان کے خلاف حزب التحریر کے ملک گیر مظاہرے

حزب التحریر ولایہ پاکستان نے سانحہ سلالہ میں ملوث پاک فوج کے جوانوں کے قاتل امریکی جنرل جان ایلن کے دورہ پاکستان کے خلاف ملک گیر مظاہرے کیے۔ مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر ''سلالہ کے قاتل کی خوشامد۔غداری کی علامت'' اور ''غدار حکمرانوں ۔امریکہ کے لیے پاک فوج قربان'' تحریر تھا۔ مظاہرین سیاسی وفوجی قیادت میں موجود غداروں کے اس شرمناک عمل کی شدید مذمت کر رہے تھے۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ ایک طرف سیاسی وفوجی قیادت میں موجود غدار امت کو یہ کہہ کر دھوکا دینے کی کوشش کرتے ہیں کہ وہ پاکستان کی سالمیت اور خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے لیکن اس کے ساتھ ساتھ ان امریکی جنرلوں کو نہ صرف ملک میں خوش آمدید کہتے ہیں بلکہ ان کے ساتھ ملاقات کو اپنے لیے باعث عزت سمجھتے ہیں جن کے ہاتھ سلالہ کے 24 شہید جوانوں اور ڈرون حملوں میں شہید ہونے والے ہزاروں شہریوں کے خون سے رنگے ہوئیں ہیں۔ مظاہرین نے کہا کہ جنرل جان ایلن کے دورہ سے قبل پچھلے چند دنوں میں افواج پاکستان پر قبائلی علاقوں میں اضافہ کر دیا گیا ہے اور انھیں وحشیانہ طریقے سے قتل کیا جا رہا ہے جیسے سوات آپریشن سے قبل کیا گیا تھا تا کہ افواج پاکستان اور عوام میں قبائلی علاقوں میں جاری امریکی فتنے کی جنگ کو مزید علاقوں تک پھیلانے کے لیے رائے عامہ کو پیدا کیا جائے۔ مظاہرین نے یہ بھی کہا کہ آمر اور جمہوری دونوں طرح کے حکمران عوام کی جان و مال، عزت و آبرو، ملک کی سالمیت اور خودمختاری کے تحفظ میں ناکام ثابت ہوئے ہیں اور صرف خلافت ہی امت اور اس کے مفادات کے تحفظ کر سکتی ہے۔ مظاہرین نے افواج پاکستان سے مطالبہ کیا کہ امریکی حملوں کا منہ توڑ جواب دیں، امریکی اڈوں اور سفارت خانوں کو بند کریں، امریکی سفارت کاروں اور انٹیلی جنس اہلکاروں کو ملک بدر کریں، قبائلی علاقوں میں جاری امریکی فتنے کی جنگ کا خاتمہ کریں اور خلافت کے قیام کے لیے حزب التحریر کو مدد و نصرۃ فراہم کریں۔ آخر میں مظاہرین ''غداروں کو ہٹاو۔خلافت کو لاو''، ''امریکی اڈے بند کرو۔امریکی راج ختم کرو'' کے نعرے لگاتے ہوئے پر امن طریقے سے منتشر ہو گئے۔

OFFICIAL DEPUTY SPOKESMAN OF HIZB-UT-TAHRIR
SHAHZAD SHAIKH
IN PAKISTAN